آزاد جموں وکشمیر
محتسب (اومبڈسمین) سیکرٹریٹ
مظفرآباد

# "ماحصل تحقیقات"

شکایت نمبر :۔ 95/2017 تاریخ رجوعہ:۔ 21-04-2017 تاریخ فیصلہ:۔ 26-09-2018

شکایت کنندہ:۔
مسماۃ نسیم اختر زوجہ آصف محمود،
سکنہ ڈھوک خواجگان بشندوٹ ڈاکخانہ خاص تحصیل کلرسیداں،
ضلع راولپنڈی آزادکشمیر۔

ایجنسی :۔
محکمہ تعلیم سکولز (نسواں)،
آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر

تحقیقاتی آفیسر کا نام وعہدہ:۔ راجہ رضوان علی ڈائریکٹر (III)

عنوان:۔ <u>دادرسی وفراہمی انصاف بابت ادائیگی پنشن</u>

1- وفاقی محتسب سیکرٹریٹ اسلام آباد کی وساطت سے موصولہ شکایت کے واقعات اس طرح ہیں کہ شاکیہ کی ابتدائی تقرری بطور پرائمری معلمہ گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول ہولاڑ ضلع کوٹلی میں مورخہ 03-01-1981 کو عمل میں آئی ازاں بعد شاکیہ گرلز مڈل سکول پٹھالی میں تعینات تھی کہ اس دوران اس کا تبادلہ گورنمنٹ پرائمری سکول راجوالی تحصیل کہوٹہ ضلع راولپنڈی بروئے حکم محررہ 30-07-1991 عمل میں آیا اور مورخہ 13-09-1990 کو شاکیہ مڈل سکول پٹھالی ضلع کوٹلی سے فارغ ہو کر نئی جائے تعیناتی پر صوبہ پنجاب میں آ گئی جہاں 25 سال سروس کی تکمیل کے بعد شاکیہ حسب استدعا مورخہ 07-12-2013 کو ملازمت سے ریٹائر ہو گئی اسطرح حکومت آزادکشمیر کے تحت کی گئی تقریباً 10 سالہ سروس کی پنشن کنٹری بیوشن نہ ملنے کے باعث شاکیہ کی پنشن میں کمی ہوئی - شاکیہ نے حکومت آزادکشمیر کے تحت کی گئی سروس کی پنشن کنٹری بیوشن عرصہ 10 سال دلوائے جانے کی استدعا کی -

2- شکایت پر ایجنسی کے پرنسپل آفیسر/ سربراہ منسلکہ محکمہ/ضلعی آفیسر تعلیم کوٹلی نسواں کو محکمانہ عذرات کی فراہم کی غرض سے بذیل مکاتیب اجراء ہوئے ؛

Director
Mohtasib Secretariat
AJK Muzaffarabad

1- نمبر م س/ ن ت (اول)/2017/309-13 مورخہ 14 جون 2017
2- نمبر م س/ ن ت (اول)/2017/383-85 مورخہ 27 جولائی 2017
3- نمبر م س/ ن ت (اول)/2017/443-45 مورخہ 29 اگست 2017
4- نمبر م س/ ن ت (اول)/2017/522-24 مورخہ 09 نومبر 2017
5- نمبر م س/ ن ت (اول)/2018/227-29 مورخہ 27 فروری 2018
6- نمبر م س/ ن ت (اول)/2018/481-83 مورخہ 27 مارچ 2018
7- نمبر م س/ ن ت (اول)/2018/788-90 مورخہ 07 مئی 2018
8- نمبر م س/ ن ت (اول)/2018/780-85 مورخہ 31 مئی 2018
9- نمبر م س/ ن ت (اول)/2018/1074-79 مورخہ 12 جون 2018
10- نمبر م س/ ن ت (اول)/2018/1099-1104 مورخہ 28 جون 2018

مندرجہ بالا مکاتیب اجراء ہونے کے باوجود ایجنسی کی جانب سے کوئی عذرات فراہم نہ ہوئے اور نہ ہی معاملہ شکایت یکسو ہوا - البتہ ایجنسی کے پرنسپل آفیسر (سیکرٹری تعلیم) کی جانب سے ایجنسی کی سربراہ منسلکہ محکمہ (ناظم اعلیٰ تعلیم سکولز نسواں)

(جاری بر صفحہ -02)

اور سربراہ منسلکہ محکمہ کی جانب سے ضلعی آفیسر تعلیم نسواں ضلع کوٹلی کو متعدد مراسلہ جات جاری ہوئے جنکی نقول ادارہ ہذا کو بھی موصول ہوئیں - ازاں بعد ادارہ ہذا کی تحریک پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نسواں ضلع کوٹلی کی جانب سے شاکیہ کا ابتدائی حکم تقرری، حکومت پنجاب میں تبادلہ اور آزادکشمیر سے فراغت کی نسبت موصولہ احکام سیکرٹریٹ تعلیم اور نظامت اعلیٰ تعلیم سکولز نسواں کو بھجوائے گئے - ادارہ ہذا کی تحریک پر محکمہ حسابات (پنشن) نے اپنی رپورٹ میں واضح کیا کہ شاکیہ محکمہ تعلیم حکومت پنجاب سے ریٹائر ہوئی اور حکومت پنجاب کی ملازمت سے قبل اس نے حکومت آزادکشمیر میں ملازمت کی ہے- پنشن کی ادائیگی حکومت پنجاب سے متعلقہ ہے تاہم عرصہ ملازمت حکومت آزادکشمیر کا Share ادا کیا جانا ہے- جس کے لیئے محکمہ حسابات سے اصل پنشن کیس سیکرٹریٹ تعلیم کو پنشنری Share کی ادائیگی کے لیئے بعد از تکمیل ارسال کرنے کے لیئے زیر نمبر 2343/حسابات- پنشن/2016 مورخہ 24-06-2016 ارسال کیا گیا تھا جو تاحال واپس موصول نہیں ہوا- سیکرٹریٹ تعلیم کی جانب سے کیس واپس موصول ہونے پر پنشن Share کی کارروائی عمل میں لائی جائے گی-

3- معاملہ شکایت اور دستیاب ریکارڈ کا بغور جائزہ لیا گیا - شاکیہ کی ابتدائی تقرری بروئے حکم محررہ 21-12-1980 گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول ہولاڑ تحصیل سہنسہ ضلع کوٹلی میں بطور پرائمری معلمہ از مورخہ 03-01-1981 عمل میں آئی - ازاں بعد تبادلہ/تعیناتی بروئے حکم محررہ 30-07-1990 گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول رجوال تحصیل کہوٹہ ضلع راولپنڈی عمل میں آئی جس کی روشنی میں شاکیہ کو ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نے باقاعدہ فارغ کیا جس کا اقتباس بذیل ہے،

از دفتر ضلعی تعلیمی آفیسر شعبہ نسواں ضلع کوٹلی

محترمہ نسیم اختر پرائمری معلمہ مڈل سکول پٹھالی
نمبر ڈی ای او/خواتین/12-90/4009 مورخہ 13-09-1990

Director
Mohtasib Secretariat
AJK Muzaffarabad

عنوان :- فراغت نامہ

معاملہ عنوان الصدر میں تحریر خدمت ہے کہ آپ کا تبادلہ ڈسٹرکٹ آفیسر کہوٹہ پاکستان زیر نمبر /90/1045-55 مورخہ 30-07-1990 گرلز پرائمری سکول راجوال ہو چکا ہے-

لہذا آپ کو فارغ کرتے ہوئے ہدایت کی جاتی ہے کہ آپ اپنی جائے تعیناتی پر حاضر ہوں -

دستخط
ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر
شعبہ نسواں ضلع کوٹلی

نئی جائے تعیناتی پر حاضر ہونے کے بعد 25 سالہ Qualifying مدت ملازمت کی تکمیل کے بعد شاکیہ اپنی استدعا پر ریٹائر ہوئی - حکم ریٹائرمنٹ کا اقتباس بذیل ہے،

OFFICE OF THE DY: EDUCATION OFFICER (W.EE) TEHSIL KALLAR SYEDAN RAWALPINDI
DISTRICT RAWALPINDI

(جاری برصفحہ -03)

Order No. 294EI

Dated: 03-12-2013

Subject: RETIREMENT NOTIFICATION

After completion of 25 years service in respect of Mst. Nasim Akhtar PST GGPS Hadwala Tehsil Kallar Syedan District Rawalpindi is hereby pre mature Retire from the service w.e.f 07-12-2013 on her own request subject to verification on 25 years qualifying service for District Accout Officer Rawalpindi.

NOTE: He will be responsible if any discrepancy found in her whole service.

Sd
DY: DISTRICT EDUCATION OFFICER (W:EE)
TEHSIL KALLAR SYEDAN

شاکیہ کی آزادکشمیر میں کی گئی ملازمت از مورخہ 03-01-1981 تا 13-09-1990 کی پنشن کنٹری بیوشن کی نسبت مراسلہ محررہ 28-02-2014 نائب ضلعی تعلیمی آفیسر نسواں کلر سیداں ضلع راولپنڈی نے ضلعی تعلیمی آفیسر نسواں کوٹلی کو جاری کیا جس کا اقتباس بذیل ہے،

از دفتر نائب ضلعی تعلیمی آفیسر (زنانہ) کلر سیداں ضلع راولپنڈی

جناب ضلعی تعلیمی آفیسر نسواں کوٹلی آزادکشمیر
نمبر 348 مورخہ 28-02-2014

عنوان :- <u>پنشن کیس مسماۃ نسیم اختر PST</u>

بعنوان بالا تحریر کیا جاتا ہے کہ مسماۃ نسیم اختر PST EX گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول ہدوالہ تحصیل کلر سیداں ضلع راولپنڈی سے مورخہ 07-12-2013 کو ریٹائر ہو چکی ہے - مذکورہ معلّمہ کی تاریخ تقرری 03-01-1981 ہے - سال 1990 کو مذکورہ ٹیچر نے ٹرانسفر کروا لی اور GGPS تحصیل کہوٹہ ضلع راولپنڈی میں آ گئی - 03-01-1981 تا 1990 کی پنشن کی منظوری درکار ہے تاکہ معلّمہ مذکورہ کی اپنے واجبات کی ادائیگی ہو سکے -

اصل پنشن کیس بحوالہ نمبر 152 مورخہ 10-02-2014 ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس راولپنڈی سے جاری کردہ لف ہذا ہے -

دستخط
ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر
(W.EE) تحصیل کلر سیداں

ڈسٹرکٹ اکونٹس آفیسر راولپنڈی کے دستخط و مہر محررہ 15-02-2014 سے مرتبہ پنشن Pension Calculation Statement کے مطابق شاکیہ کے آزادکشمیر سے متعلقہ عرصہ ملازمت کے پنشن Share کی مالیت 05 لاکھ 86 ہزار 637 روپے بنتی ہے - حسب تحریک محکمہ تعلیم حکومت پنجاب DEO کوٹلی نے معاملہ ڈسٹرکٹ اکونٹس آفیسر کوٹلی کو ارسال کیا جنہوں نے بعد از تصدیق ریکارڈ زیر نمبر حسابات/2014/618 معاملہ مورخہ 08-05-2014 مرکزی

Director
Mohtasib Secretariat
AJK Muzaffarabad

(جاری برصفحہ -04)

آزاد جموں وکشمیر
محتسب (اومبڈسمین) سیکرٹریٹ
مظفرآباد



دفتر حسابات کو ارسال کیا جہاں سے معاملہ سال 2014 میں ہی سیکرٹریٹ تعلیم سکولز کو ارسال ہوا - سیکرٹریٹ تعلیم سکولز نے محکمہ مالیات سے خط و کتابت کے بعد معاملہ واپس محکمہ حسابات کو سال 2015 میں ارسال کر دیا، جس کا اقتباس بذیل ہے ،

آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر
سیکرٹری ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن

نمبر سیکرٹریٹ/ای اینڈ ایس/نسواں 11(7)/2015 مورخہ 22-06-2015

بخدمت :-

اکونٹس آفیسر صاحب حسابات (پنشن)،
آزاد جموں وکشمیر مظفرآباد -

عنوان :- تجویز بسلسلہ پنشن شیئر بحق مسماۃ نسیم اختر (ریٹائرڈ) پرائمری معلمہ

السلام علیکم،

معاملہ مندرجہ عنوان الصدر میں بحوالہ آپ کے مکتوب زیر نمبر حسابات/پنشن /1182 مورخہ 12-06-2014 حسب ہدایت تحریر خدمت ہے کہ معاملہ زیر بحث محکمہ مالیات سے اٹھایا گیا - محکمہ مالیات بروئے مکتوب نمبر مالیات/قواعد/6475 مورخہ 03 اپریل 2015 (نقل لف ہے) تحریر کیا ہے کہ معاملہ کو محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن سے جاری شدہ سرکلر نمبر S&GAD/G-82/SO-1/80 مورخہ 05-01-1981 و سرکلر نمبر S&GAD/11290-12150/75 مورخہ 19-06-1975 کی روشنی میں یکسو کیا جائے -

لہذا بمہربانی تحت قواعد معاملہ کو یکسو فرمایا جائے -

دستخط
سیکشن آفیسر
ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن

جس کے بعد مطابق جدید رپورٹ محکمہ حسابات نمبر 856/حسابات- پنشن/2017 مورخہ 25-07-2017 سال 2016 میں اصل پنشن کیس زیر نمبر 2343/حسابات- پنشن/2016 مورخہ 24-06-2016 بغرض تکمیل سیکرٹریٹ تعلیم کو ارسال ہوا جس پر تاحال کوئی کارروائی عمل میں آتا نہیں پائی گئی -

بالا جائزہ سے یہ امر واضح ہے کہ چار سال گزرنے کے باوجود ایجنسی پنشن Share کے معاملہ کو یکسو نہ کر کے واضح طور "بدانتظامی" کی مرتکب ہوئی ہے -

-4 لہذا محتسب ایکٹ 1992 کی دفعہ 11 کے تحت ایجنسی کو ہدایت کی جاتی ہے کہ **اندر ایک ماہ** معاملہ یکسو کرتے ہوئے تعمیلی رپورٹ فراہم کی جائے -

دستخط/-
(ظفر حسین مرزا)
محتسب
آزاد جموں وکشمیر

Director
Mohtasib Secretariat
AJK Muzaffarabad

مظفرآباد
تحریر 26/ستمبر 2018